عالم اسلام

محمود احمد غازی

کینیڈا

گذشتہ ماہ یہاں امریکہ اور کینیڈا میں مسلمان طلبہ کی جملہ تنظیموں کا ایک کنونشن منعقد ہوا جس میں بر اعظم امریکہ کی اسلامی تنظیموں کے درمیان زیادہ سے زیادہ تعاون کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔ کنونشن میں اس امر پر بھی غور کیا گیا کہ شمالی امریکہ میں اسلامی دعوت کے کام کو منظم کرنے اور امریکہ میں زیر تعلیم مسلمان طلبہ کو مغربی ثقافت کے مہلک اثرات سے محفوظ رکھنے کے لئے مناسب اقدامات کیا ہوسکتے ہیں۔ اس موقعہ پر اسلامی مطبوعات اور امریکہ سے شائع ہونے والے اسلامی مجلات کی ایک نمائش بھی لگائی گئی۔ امریکہ کے علاوہ دوسرے ممالک سے بھی بہت سے مسلم مندوبین نے اس کنونشن میں شرکت کی۔ شرکاء میں اردن کی سینیٹ کے رکن اور ممتاز ادیب و عالم جناب کامل الشریف اور ریاض یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر عبدالعزیز الفداء قابل ذکر ہیں۔

مدینہ منورہ

جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ کے ماتحت حال ہی میں ایک قرآن مجید کالج قائم کیا گیا ہے جس میں صرف قرآن مجید سے متعلق علوم و فنون کی تعلیم دی جائے گی۔ یہاں کے فارغ التحصیل علماء قرآن مجید کو اپنی علمی تحقیقات کا موضوع بنائیں گے۔ اس کالج میں داخلے کی بنیادی شرط قرآن مجید کا حافظ ہونا قرار دی گئی ہے۔ کالج میں پڑھائے جانے والے اہم موضوعات میں علم قراءات سبعہ، اعجاز قرآن، رسم قرآن، تفسیر، اصول تفسیر، قرآنی علم کلام، علوم قرآن،